پریس اطلاعات بیورو
(وزیر اعلیٰ اطلاعات کیمپس)
محکمۂ اطلاعات و رابطۂ عامہ، اتر پردیش، لکھنؤ

24/12/2021

وزیراعلیٰ نے اجودھیا سڑک حادثہ میں بچوں کی موت پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا

لکھنؤ: 24، دسمبر 2021

اتر پردیش کے وزیراعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے اجودھیا کے کینٹ تھانہ علاقے میں سڑک حادثے میں بچوں کی موت پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔انہوں نے مرنے والوں کے سوگوار لواحقین سے تعزیت کا اظہار کیا۔

وزیراعلیٰ نے متوفین کے لواحقین کو دو دو لاکھ روپے اور زخمیوں کو پچاس پچاس ہزار روپے کی مالی مدد فراہم کرنے کی ہدایت دی ہے۔

انہوں نے افسران کو ہدایت دی کہ اس حادثہ کے متاثرین کو ہر ممکن مدد فراہم کی جائے اور زخمیوں کا مناسب علاج کرایا جائے۔

☆☆☆☆☆